(۷) ثانوی مصادر سے استفادہ کی کم سے کم کوشش کی گئی۔

(۸) حتی الواسع اختصار اور عدم تکرار کے پہلو کو مدِ نظر رکھنے کے ساتھ ساتھ جامعیت کا لحاظ رکھا گیا۔

(۹) آیات و کتب کے حوالہ جات میں مروجہ اصول حوالہ جات کو مدِ نظر رکھا گیا۔

(۱۰) تمام اصطلاحات اور اقتباسات کو واوین ('' '') کے ذریعے ممیز کیا گیا۔

(۱۱) پہلی مرتبہ حوالہ دیتے ہوئے مصنف اور کتاب کا مکمل نام اور مقام واشاعت درج کیا گیا جبکہ دوبارہ وہی حوالہ دینے کی صورت میں مصنف یا کتاب کا مختصر نام لکھنے پر اکتفا کیا گیا۔ نیز ایک ہی صفحہ پر مکرر حوالہ دینے کی صورت میں ایضاً درج کیا گیا۔

(۱۲) آخر میں خلاصہ بحث، نتائج وسفارشات پیش کی گئیں۔

(۱۳) مواد کے حصول کی لیے علمی رسائل وجرائد اور پبلک لائبریریوں سے استفادہ کیا گیا۔

(۱۴) آخر میں مصادر ومراجع کو حروف تہجی کے ساتھ لکھا گیا اور اس میں ''ال'' کا لحاظ نہیں رکھا گیا۔

(۱۵) اس مقالہ میں درج ذیل اختصارات استعمال کئے گئے:

| مخفف | مفصل |
|---|---|
| رضؓ | رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے |
| رحؒ | رحمتہ اللہ علیہ کے لیے |
| ء | سن عیسوی کے لیے |
| ھ | سن ہجری کے لیے |
| رقم | رقم الحدیث کے لیے |
| ص | صفحہ کے لیے |
| ج | جلد کے لیے |
| س۔ن | سن ندارد کے لیے |

منصوبہ تحقیق:

مقالہ ہذا '' مکی زندگی میں اصلاح معاشرہ کا نبوی ﷺ منہج: عصری اطلاقات'' کی تکمیل چار ابواب کے تحت کی گئی ہے۔

باب اول:

پہلا باب دو فصول پر مشتمل کیا گیا۔ پہلی فصل میں قبل از بعثت مکہ کی حالت اور دوسری فصل میں عہدِ مکی کا

تعارف کروایا گیا ہے۔

باب دوم:

دوسرے باب میں تین فصول شامل کی گئیں۔ پہلی فصل میں کلامِ ربانی کے نزول کے متعلق بتایا گیا جبکہ دوسری فصل میں اسوۂ حسنہ اور تربیت صحابہ کو بیان کیا گیا اور تیسری فصل تعامل صحابہ پر مشتمل ہے۔

باب سوم:

تیسرا باب بھی تین فصول پر مشتمل ہے۔ پہلی فصل میں انفرادی حقوق اور اسوۂ حسنہ کو بیان کیا گیا۔ دوسری فصل میں اجتماعی حقوق وفرائض کا تصور بیان کیا گیا اور تیسری فصل میں ریاستی امور اور تعلیمات نبویﷺ کا بیان ہے۔

باب چہارم:

باب چہارم میں بھی تین فصول شامل کی گئی ہیں۔ پہلی فصل اصلاح معاشرہ میں اخلاق کی اہمیت پر مشتمل ہے جبکہ دوسری فصل میں اسوۂ حسنہ اور حسنِ اخلاق پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ تیسری فصل میں اخلاقِ نبویﷺ کے معاشرتی اثرات بیان کیے گئے ہیں۔

جائے تحقیق ومیسر سہولیات:

یہ تحقیقی کام شعبہ علوم اسلامیہ جی سی یونیورسٹی لاہور، کے زیرنگرانی کیا گیا۔ اس کام کے لئے مندرجہ ذیل سہولیات سے استفادہ کیا گیا:

۱۔ کتب خانے

☆ لائبریری شعبہ علوم اسلامیہ جی سی یونیورسٹی لاہور، لاہور

☆ لائبریری شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی لاہور

☆ شیخ زید اسلامک سنٹر پنجاب یونیورسٹی لاہور

☆ مرکزی لائبریری پنجاب یونیورسٹی لاہور

☆ قائداعظم لائبریری، باغ جناح لاہور

☆ پنجاب پبلک لائبریری

۲۔ رسائل وجرائد

مختلف زبانوں میں شائع ہونے والے ملکی وغیر ملکی رسائل سے بھی مدد لی گئی۔

۳۔ انٹرنیٹ

انٹرنیٹ جیسی جدید سہولیات سے بھی فائدہ حاصل کرنے کی حتی المقدور کوشش کی گئی۔